SEARLE

# دی سرل کمپنی لمیٹڈ

## اطلاع برائے ۶۰واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی سرل کمپنی لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کا ۶۰ واں سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) بروز منگل ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ء شام ۴:۰۰ بجے مندرجہ ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کیلئے انڈس سویٹ، آواری ٹاورز، فاطمہ جناح روڈ، کراچی۔ ۷۵۵۳۰ میں منعقد کیا جائے گا:

| |
|---|
| اراکین کو کمپنی کے زیرانتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے (براہِ کرم تفصیلات کے لئے نوٹس کا سیکشن دیکھیں) |

**عمومی کارروائی**

۱۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انڈیپنڈنٹ آڈیٹر کی رپورٹس کے ساتھ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم شدہ سال کیلئے کمپنی کے انفرادی آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ (۷) کے مطابق اور ایس آر او ۳۸۹ (۱)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے تحت، ۳۰ جون ۲۰۲۵ کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیے گئے ہیں جو ذیل میں دیے گئے ویب لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں:

https://searlecompany.com/investor-information/

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا، اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، ریٹائر ہو چکے ہیں اور اہل ہونے کی وجہ سے، خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کرچکے ہیں اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی تقرری کی سفارش کی ہے جس کی فیس باہمی اتفاق رائے سے طے کی جائے گی۔

**خصوصی کارروائی**

۳۔ یہ تجویز پیش کی گئی کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق ہر موجودہ ۱۰۰ شیئرز پر ۱۵ بونس شیئرز (یعنی ۱۵ فیصد) جاری کیے جائیں اور اگر مناسب سمجھا جائے تو یہ قرارداد بغیر یا ساتھ کسی ترمیم کے بطور عام قرارداد منظور کی جائے:

''**قرار پایا** کہ کمپنی کے غیر تقسیم شدہ منافع میں سے ۶۳۰، ۲۴۱، ۶۷۷ پاک روپے کو سرمایہ میں منتقل کرکے ۱۰ روپے فی شیئر کے حساب سے ۱۶۳، ۲۴، ۶۷، ۶ عمومی شیئرز جاری کیے جائیں، اور یہ شیئرز اُن تمام ممبران کو مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر الاٹ کیے جائیں جن کے نام ۱۱ اکتوبر ۲۰۲۵ء کے کاروباری دن کے اختتام تک کمپنی کی رجسٹرڈ کتاب میں درج ہیں، شیئرز تناسب کے مطابق یعنی ہر ۱۰۰ عام شیئرز پر ۱۵ بونس شیئرز کے لحاظ سے تقسیم ہونگے۔ مزید یہ کہ یہ نئے شیئرز ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ عام شیئرز کے مساوی حیثیت کے حامل ہوں گے۔''

**مزید قرار پایا** کہ اگر کسی ممبر کو بونس شیئرز کی تقسیم کے نتیجے میں کسی حصے کا حق ملے تو ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام حصوں کو یکجا کرکے پورے شیئرز میں تبدیل کریں اور انہیں اسٹاک مارکیٹ پر فروخت کریں اور اس فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کسی مستند فلاحی ادارے کو عطیہ کریں جس کا انتخاب کمپنی کے ڈائریکٹرز کریں گے۔

**مزید یہ قرار پایا** کہ کمپنی سیکریٹری کو کمپنی کی جانب سے مذکورہ بونس شیئرز کی الاٹمنٹ اور تقسیم کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے جیسا کہ وہ مناسب سمجھیں۔

۴۔ کمپنی ایگزیکٹو ڈائریکٹرز بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کی معاوضے کی منظوری اور اگر درست تصور کیا گیا تو درج ذیل قراردادوں کو بطور عمومی قرارداد ترمیم یا بلا ترمیم منظور کرنا:

''**قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایک فل ٹائم ورکنگ ڈائریکٹر کو ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے زیادہ سے زیادہ ۱۰۰ ملین پاک روپے (تقریباً) معاوضہ دیا جائے جس میں الاؤنسز اور دیگر مراعات شامل ہیں، جیسا کہ ان کی ملازمت کی شرائط کے مطابق طے شدہ ہے۔ اور بذریعہ ہٰذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔ مزید برآں، چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو کمپنی کی فراہم کردہ ٹرانسپورٹ کے دفتری اور نجی مقاصد کیلئے استعمال کا بھی حق حاصل ہوگا جیسا کہ بورڈ نے منظور کیا ہے۔''

۵۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ (نافذ العمل ہونے کی حد تک) کے سیکشن ۲۰۷ اور/ یا ۲۰۸ کی شرائط کے تحت متعلقہ پارٹی میں ٹرانزیکشنز/ انتظامات کے سلسلے میں درج ذیل قراردادوں پر بطور خصوصی قرارداد پر غور اور اگر درست پایا جائے تو اس کی ترمیم یا بلا ترمیم منظوری۔

''**قرار پایا** کہ کمپنی کی جانب سے ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران مختلف متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انجام دی جانے والی معاملت جیسا کہ مذکورہ مدت کیلئے کمپنی کے مجموعی مالیاتی حسابات کے نوٹ ۴۵ میں واضح کیا گیا ہے اور سیکشن ۱۳۴ (۳) کے تحت ضروری معلومات کے بیان میں درج ہے، کی بذریعہ ہٰذا تصدیق اور توثیق کی جاتی ہے۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً بشمول، تاہم اس حد تک محدود نہیں، اشیاء اور میٹریل بشمول کیمیکل کی خرید وفروخت یا دستیابی یا خدمات کے حصول یا شیئر سبسکرپشن کیلئے متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انتظامات کرے یا معاملت انجام دے، اس حد تک جہاں تک سال ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والی مالی سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز اس کو درست تصور کریں اور/ یا اس کی منظوری دیں۔ ممبران نے نوٹ کیا ہے کہ مذکورہ انتظامات اور معاملت کیلئے کچھ ڈائریکٹرز یا اکثریت نے دلچسپی ظاہر کی ہے۔ اس کے باوجود ممبران بذریعہ ہٰذا کمپنی کے بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے لئے پیشگی منظوری اور اختیارات کی اجازت دیتے ہیں بشمول کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۰۷ اور/ یا ۲۰۸ (نافذ العمل ہونے کی حد تک) کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور کردہ حجم کے مطابق تمام متعلقہ پارٹیوں کی ٹرانزیکشنز کا جائزہ اور منظوری لی جائے۔

**مزید قرار پایا** کہ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والی مدت کیلئے متعلقہ پارٹی کی ٹرانزیکشنز کو ممبران کی جانب سے منظور شدہ تصور کیا جائے گا اور بعدازاں آئندہ سالانہ اجلاس عام میں تصدیق اور توثیق کے لئے ممبران کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

**دیگر کارروائی**

۶۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کوئی دوسرا کاروباری معاملہ انجام دینا۔

**خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا بیان، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴ (۳) کے تحت ضروری ہے، میٹنگ کے نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھیجا جارہا ہے اور یہ ہماری ویب سائٹ: www.searlecompany.com پر بھی دستیاب ہے۔**

حسب الحکم بورڈ

**مدثر حبیب خان**

کمپنی سیکریٹری

کراچی:

۷ اکتوبر ۲۰۲۵ء

**نوٹس:**

**اے۔ سالانہ اجلاس عام میں ذاتی موجودگی بشمول نمائندے کے ذریعے شرکت**

وہ اراکین جن کے نام ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۵ء تک ممبران کے رجسٹر میں موجود ہیں، وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار رکن کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی مقرر کرنے کا حق ہے۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں ہے۔

سالانہ اجلاس عام کے لئے قابل اطلاق پراکسی کا ایک فارم اراکین کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ فراہم کیا جارہا ہے۔ پراکسی فارم کو کمپنی کی ویب سائٹ: www.searlecompany.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ موثر ہونے کے لئے پراکسی کا فارم اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی، اگر کوئی ہے، جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا ایسی پاور یا اتھارٹی کی ایک نوٹریل تصدیق شدہ کاپی، (بنام کمپنی سیکریٹری) کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۵۳۵۰ کو عام تعطیلات کو چھوڑ کر سالانہ اجلاس عام کے وقت سے ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیئے یا company.secretary@searlecompany.com پر ای میل کریں۔

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے کی تبدیلی (اگر کوئی ہے) تو اپنے سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ اسٹاک بروکر/ انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرواسکتے ہیں۔

اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی کا تقرر کرتا ہے اور کسی ممبر کے ذریعے پراکسی کے ایک سے زیادہ فارم جمع کرائے جاتے ہیں، تو ایسے تمام پراکسی فارمز کو غلط قرار دیا جائے گا۔

**بی۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت**

i) ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے/ شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد درج ذیل معلومات سالانہ اجلاس عام کے وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۵ء یعنی شام ۴:۰۰ بجے سے پہلے ای میل company.secretary@searlecompany.com پر بھیج کر کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ ہوجائیں:

اے) ممبر کا نام؛

بی) سی این آئی سی/ این ٹی این نمبر؛

سی) فولیو نمبر/ CDC IAS نمبر؛

ڈی) سیل نمبر؛ اور

ای) ای میل ایڈریس۔

ii) آن لائن میٹنگ کا لنک اور لاگ اِن کی معلومات صرف ان ممبران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جو ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو سہ پہر ۳:۰۰ بجے تک یا اس سے پہلے تمام مطلوبہ تفصیلات پر مشتمل میٹنگ میں اپنی شرکت کا عندیہ دیں گے۔

iii) لاگ اِن کی سہولت سہ پہر ۳:۳۰ بجے سے اختتام تک مہیا رہے گی۔

iv) حصص کے انفرادی فائدہ مند مالک کو اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا شناختی نمبر لانا ہوگا۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندے کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولیوشن اور/ یا پاور آف اٹارنی اور نامزد کا نمونہ دستخط لانا چاہیئے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سرکلر نمبر 1 مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں جاری کیں۔

**سی۔ سالانہ اجلاسِ عام کے لئے کتابوں کی بندش**

حصص کی منتقلی کے کھاتے بروز منگل ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۵ء سے منگل ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ وہ مکمل ٹرانسفرز جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو بروز منگل ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ء کاروباری دن کے اختتام سے قبل موصول ہوں گے وہی اجلاس عام میں شرکت کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

**ڈی۔ بونس شیئرز کے استحقاق کے لیے کتابوں کی بندش**

ایس آر او ۱۶۶۵ (۱)/ ۲۰۲۵ مورخہ ۲۹ اگست ۲۰۲۵ء کے مطابق، بونس شیئرز کے استحقاق کے تعین کے لئے شیئر ٹرانسفر بکس ۱۳ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو بند رہیں گی۔ وہ تمام شیئر ٹرانسفرز جو درست حالت میں ۱۱ اکتوبر ۲۰۲۵ء کے کاروباری دن کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ پر موصول ہوجائیں گی، انہیں بوقت بونس شیئرز کا استحقاق بروقت تصور کیا جائے گا۔

**ای۔ ایڈریس کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ اسٹاک بروکر/ انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرواسکتے ہیں۔

**ایف خصوصی کاروباری قراردادوں پر پولنگ**

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ (''ضوابط'') کے مطابق، جیسا کہ ایس آر او ۲۱۹۲ (۱)/ ۲۰۲۲ مورخہ ۵ دسمبر ۲۰۲۲ء کے ذریعے ترمیم کیا گیا، جس میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''ایس ای سی پی'') نے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بند تمام امور کیلئے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کا حق فراہم کریں۔

اس کے مطابق کمپنی کے ممبران کو ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو شام ۴:۰۰ بجے ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں ضروریات کے مطابق اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تحت الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا بذریعہ ڈاک ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

اراکین کی سہولت کیلئے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور ڈاؤن لوڈ کے لئے یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.searlecompany.com پر بھی دستیاب ہے۔

**۱۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

i ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس اپنے درست سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو کاروباری دن کے اختتام تک دستیاب ہونگے۔

ii ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈز کی اطلاع دی جائے گی۔

iii ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کیلئے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv ای ووٹنگ لائنیں ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۵ء صبح ۹:۰۰ بجے شروع ہوں گی اور ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۴ء کو شام ۵:۰۰ بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**۲۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار**

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی کے ساتھ مناسب طریقے سے پُر کئے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر میٹنگ کے چیئرمین تک کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی یا ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو کام کے اوقات کے دوران سالانہ اجلاس عام سے ایک دن قبل ڈاک کے ذریعے بھیجیں یا company.secretary@searlecompany.com پر ای میل کریں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط سی این آئی سی پر دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

**جی۔ شیئر ہولڈرز کے لئے ضابطہ اخلاق برائے اجلاس عام**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ (''ایکٹ'') کے سیکشن ۲۱۵ کے تحت اور کمپنیز ریگولیشنز، ۲۰۲۴ کے ریگولیشن ۵۵، بعنوان ''شیئر ہولڈرز کا ضابطہ اخلاق برائے اجلاس'' درج ذیل کے مطابق ہوگا:

i کسی ایسے مواد کو اجلاس میں نہ لایا جائے جو شرکاء یا اجلاس کے مقام کے لئے خطرہ بن سکتا ہو؛

ii صرف ان ہی نکات پر توجہ مرکوز رکھی جائے جو اجلاس کے نوٹس میں دیئے گئے ایجنڈے کا حصہ ہوں؛

iii تبصرے اور گفتگو کو کمپنی کے معاملات تک محدود رکھا جائے؛ اور

iv ایسا رویہ اختیار نہ کیا جائے جس سے کسی سیاسی وابستگی کا اظہار ہو یا دیگر اراکین کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے۔

**تحائف کی تقسیم پر پابندی**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۸۵ اور ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او ۴۵۲ (۱)/ ۲۰۲۵ مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۵ء پر عملدرآمد کرتے ہوئے بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی صورت میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔

**ایچ۔ غیر ادا شدہ/ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز**

شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ یا بونس شیئرز کا دعویٰ نہیں کرسکے یا اپنے فزیکل شیئرز حاصل نہیں کرسکے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویدار ڈیویڈنڈ یا زیر التواء حصص، اگر کوئی ہے وصول کرنے یا ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

**آئی۔ فزیکل شیئرز کو بک اینٹری فارم میں جمع کرنا**

ایس ای سی پی نے اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی شق ۷۲ کی دفعات پر، عملدرآمد کرتے ہوئے، ان کی جانب سے فزیکل فارم میں جاری کردہ شیئرز کو بُک آف اینٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔ مذکورہ بالا شرط کے پیش نظر کمپنی کے وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل فولیوز/ شیئر سرٹیفکیٹس کے حامل ہیں وہ اپنے شیئرز کو فزیکل صورت سے جلد از جلد بُک اینٹری کی شکل میں تبدیل کروالیں۔

فزیکل شیئرز کو بُک اینٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت ملے گی یعنی حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری فروخت اور خریداری کیلئے آسانی سے دستیاب مارکیٹ، کسی نقصان کے احتمال کا خاتمہ اور فزیکل شیئرز کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز فزیکل شیئرز کو بُک اینٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

**جے۔ الٹی میٹ بینی فیشل اونر ڈسکلوزر کی شرط**

ایس آر او ۱۳۵۶ (۱)/ ۲۰۲۵ اور کمپنیز ریگولیشنز، ۲۰۲۴ کے ریگولیشن ۹ کے مطابق، کمپنی میں کم از کم پانچ فیصد (۵٪) شیئرز یا ووٹنگ رائٹس رکھنے والے ہر شیئر ہولڈر اور ایسے مفادر کھنے والے کسی بھی قانونی شخص یا قانونی ڈھانچے کے نمائندے کو اپنی الٹی میٹ بینی فیشل اونرشپ ڈیکلیریشن جمع کرانا یا اَپ ڈیٹ کرنا لازمی ہے۔

اس مقصد کیلئے، وہ قدرتی شخص جو براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کم از کم پچیس فیصد (۲۵٪) شیئرز یا ووٹنگ رائٹس رکھتا یا ان پر قابو پاتا ہے، یو بی او کے طور پر شمار کیا جائے گا۔

فارم نمبر ۱۷ کمپنی کی ویب سائٹ http://www.searlecompany.com پر دستیاب ہے اور اسے یا تو ای میل کے ذریعے company.secretary@searlecompany.com پر یا کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرایا جائے تاکہ قانونی تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، یہ فارم کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر پرنٹ شدہ اور مجاز افسر کے دستخط شدہ ہونا ضروری ہے۔

براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ فارم جمع نہ کرانے یا تاخیر سے جمع کرانے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۴۵۲ کے تحت ریگولیٹری کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

**کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴ (۳) کے تحت ضروری حقائق کا بیان**

یہ بیان ان ضروری حقائق کی وضاحت کرتا ہے جو ایجنڈا آئٹم نمبر ۳، ایجنڈا آئٹم نمبر ۴ اور ایجنڈا آئٹم نمبر ۵ میں درج خصوصی امور سے متعلق ہیں، جن پر دی سرل کمپنی لمیٹڈ (''کمپنی'') کے سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ء میں انجام دیا جائے گا۔

**نوٹس کا آئٹم نمبر ۳ ۔ بونس شیئرز کی منظوری**

- کمپنی کے ڈائریکٹرز کی رائے ہے کہ کمپنی کی مالی حالت اس امر کی متقاضی ہے کہ بونس شیئرز جاری کیے جائیں، اس تناسب سے کہ ہر موجودہ ۱۰۰ شیئرز پر ۱۵ بونس شیئرز کے تناسب سے دیے جائیں۔ ڈائریکٹرز کی دلچسپی اس کاروبار میں صرف اپنے بطور شیئر ہولڈر بونس شیئرز کے استحقاق کی توسیع تک محدود ہے۔

**نوٹس کا آئٹم نمبر ۴ ۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کی معاوضے کی منظوری**

- ایگزیکٹو ڈائریکٹرز بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تنخواہوں اور مراعات کو ان کی ملازمت کی شرائط وضوابط کے مطابق مقرر کرنے کی منظوری طلب کی جارہی ہے۔
- کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کو مذکورہ خصوصی امور میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی حاصل نہیں ہے ماسوائے اس کے جس کا ذکر اوپر کردیا گیا ہے۔
- نوٹس کا آئٹم نمبر ۵۔ کمپنی کی جانب سے متعلقہ فریقین کے لین دین/ انجام دیئے جانے والے انتظامات کی توثیق اور منظوری (نافذ العمل ہونے کی حد تک)

کمپنی اپنی پالیسیوں اور متعلقہ قوانین وضوابط کے مطابق وقتاً فوقتاً اپنے متعلقہ فریقین کے ساتھ معاہدات کرتی اور لین دین انجام دیتی ہے۔ بعض متعلقہ فریقین کے ساتھ ایسے لین دین، جن میں اکثر یتی ڈائریکٹرز کو مفاد حاصل ہو، کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۰۷ اور/ یا ۲۰۸ (جہاں قابل اطلاق ہو) کے تحت اور لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کوڈ) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کے ریگولیشن ۱۵ کے مطابق، اراکین کی منظوری کے متقاضی ہوتے ہیں۔

چونکہ کمپنی کے بعض/ اکثر ڈائریکٹرز کو متعلقہ فریقین کے ساتھ بعض معاہدات/ لین دین میں دلچسپی سمجھی جاسکتی ہے بشمول ان کی شیئر ہولڈنگ یا متعلقہ اداروں/ فریقین میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی بناء پر اور شفافیت کو فروغ دینے کیلئے، کمپنی کے اراکین سے کمپنی کی ۶۰ ویں سالانہ عام اجلاس میں اجازت طلب کی گئی تھی کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے کہ وہ کمپنی کے ایسے متعلقہ فریقین کے لین دین وقتاً فوقتاً (ہر معاملے کی بنیاد پر) ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران منظور کرسکے۔ اور یہ لین دین اراکین کی جانب سے منظور شدہ تصور کیے گئے۔ تمام متعلقہ فریقین کے لین دین کمپنی کے ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کے غیر یکجا شدہ مالیاتی حسابات کے نوٹ نمبر ۴۵ میں ظاہر کیے گئے ہیں۔ ایسے لین دین آئندہ سالانہ اجلاسِ عام میں اراکین کے سامنے ان کی توثیق/ تصدیق کے لئے پیش کیے جانے تھے۔ چنانچہ یہ لین دین اب اس سالانہ اجلاسِ عام کے سامنے اراکین کی توثیق/ تصدیق کے لئے رکھے جارہے ہیں۔

متعلقہ فریقین کے لین دین کی پارٹی کے لحاظ سے تفصیل:

| متعلقہ پارٹی کا نام | سال کے دوران کی گئی ٹرانزیکشنز اور سال کے اختتام پر بیلنسز | ۲۰۲۵ء روپے ہزاروں میں |
|---|---|---|
| **سرپرست کمپنی** | | |
| انٹرنیشنل برانڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کارپوریٹ سروسز چارجز | 145,200 |
| | رینٹ کی آمدنی | 20,463 |
| | سہولتوں کی فراہمی سے حاصل شدہ آمدنی | 15,630 |
| | سرپرست کی جانب سے اخراجات کی ادائیگی | 4,660 |
| | کمپنی کی جانب سے اخراجات کی ادائیگی | 197,391 |
| **ذیلی کمپنیاں** | | |
| آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ | آمدنی | 471,330 |
| | رینٹ کی آمدنی | 4,847 |
| | خریداریاں | 194,235 |
| | سہولتوں کی فراہمی سے حاصل شدہ آمدنی | 3,253 |
| | کمپنی کی جانب سے کی گئی ادائیگیاں | 142,067 |
| | اخراجات کی زرتلافی | 95,810 |
| | رائلٹی | 39,121 |
| سرل بائیوسائنسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | فراہم کردہ ایڈوانسز | 16,404 |
| سرل پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ | آمدنی | 137,839 |
| | رینٹ کی آمدنی | 7,100 |
| | کمپنی کی جانب سے کی گئی ادائیگیاں | 223 |
| | دیا گیا حقیقی قرض | 28,922 |
| | خریداریاں | 207,072 |
| نیکسٹر فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کمپنی کی ذیلی کمپنی کیلئے ادائیگیاں | 26,764 |
| | خریداریاں | 35,058 |
| اسٹیلر وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | مالی معاونت کے عیوض ایڈوانس | 124,433 |
| پرائم ہیلتھ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | دوبارہ ادا کیا گیا ایڈوانس | 8,900 |
| | سروس چارجز | 5,692 |
| سرل آئی وی سولوشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | خریداریاں | 836,532 |
| | مالی معاونت کے عیوض ایڈوانس | 202,042 |
| **متعلقہ کمپنیز** | | |
| آئی بی ایل آپریشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | آمدنی | 17,458,708 |
| | رینٹ کی آمدنی | 9,080 |
| | سہولتوں کی فراہمی سے حاصل شدہ آمدنی | 4,959 |
| | انوینٹری کلیمز | 698,766 |
| | کلیم کردہ ڈسکاؤنس | 632,648 |
| | کمپنی کی جانب سے کی گئی ادائیگیاں | 275,639 |
| | عطیات | 83 |
| یونائیٹڈ برانڈ لمیٹڈ | آمدنی | 28,193 |
| آئی بی ایل یونیسیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | رینٹ کی آمدنی | 2,811 |
| | سہولتوں کی فراہمی سے حاصل شدہ آمدنی | 1,551 |
| | آئی ٹی سروسز | 117,659 |
| | سروسز کیلئے ایڈوانس | 12,326 |
| | جائیداد، پلانٹ اور ایکوپمنٹ کی خریداری | 404 |
| آئی بی ایل لوجیسٹک (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کیرج اور ڈیوٹیز | 234,042 |
| | کمپنی کی جانب سے کی گئی ادائیگیاں | 113 |
| یونائیٹڈ ریٹیل (پرائیویٹ) لمیٹڈ | سہولتوں کی فراہمی سے حاصل شدہ آمدنی | 72,584 |
| | کمپنی کی جانب سے کی گئی ادائیگیاں | 12,872 |
| | جائیداد کی خرید کیلئے سرمایہ کاری | 105,700 |
| | دیگر | 13,261 |
| یونیورسل ریٹیل (پرائیویٹ) لمیٹڈ | رینٹ کی آمدنی | 34,624 |
| | سہولتوں کی فراہمی سے حاصل شدہ آمدنی | 93,503 |
| AKAR اسپتال | عطیات | 38,119 |
| ملٹینیٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | انٹرنیٹ سروسز | 4,469 |
| کراچی ریلیف ٹرسٹ | عطیات | 18,300 |
| راشد عبداللہ فاؤنڈیشن | عطیات | 4,500 |
| دی سیٹیزن فاؤنڈیشن | عطیات | 19,000 |
| انڈس ویلی اسکول آف آرٹ اینڈ آرکیٹیچر | عطیات | 500 |
| سرل پاکستان لمیٹڈ پروویڈنٹ فنڈ | دوبارہ ادائیگیوں کا سود | 17,553 |
| اسٹاف ریٹائرمنٹ بینیفٹس | پروویڈنٹ فنڈ کیلئے زرشراکت | 235,665 |
| | ادا کی گئی مراعات | 292,826 |
| کلیدی انتظامیہ کی زرتلافی | تنخواہیں اور ملازمین کے دیگر مالی فوائد | 400,299 |
| | پروویڈنٹ فنڈ کیلئے زرشراکت | 28,286 |

<<< Continued

SEARLE

# دی سرل کمپنی لمیٹڈ

کمپنی اپنے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین اور معاہدات بنیادی طور پر ''آرمزلینتھ بیسز'' پر اور ''متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین'' سے متعلق منظور شدہ پالیسی کے مطابق کاروبار کے معمول کے دوران کرتی ہے۔ تمام لین دین/ معاہدات جو متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جاتے ہیں، ان کی منظوری بورڈ کی آڈٹ کمیٹی سے لازمی طور پر لی جاتی ہے، جس کی صدارت کمپنی کے ایک آزاد ڈائریکٹر کے ذمے ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر یہ معاہدات/ لین دین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے منظوری کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

ان متعلقہ فریقین کے ساتھ کمپنی کے تعلق کی نوعیت بھی کمپنی ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے غیر یکجا شدہ مالیاتی حسابات کے نوٹ نمبر ۴۵ میں ظاہر کی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز کو ان قراردادوں میں صرف اس حد تک مفاد حاصل ہے جس حد تک ان کی متعلقہ فریقین میں مشترکہ ڈائریکٹرشپس یا شیئر ہولڈنگ ہے (جہاں قابل اطلاق ہو)۔

لہٰذا، اراکین سے گزارش ہے کہ وہ کمپنی ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے غیر یکجا شدہ مالیاتی حسابات میں ظاہر کردہ متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی توثیق اور تصدیق کریں۔

مزید برآں، کمپنی ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے آئندہ مالی سال کے دوران بھی اپنے متعلقہ فریقین کے ساتھ معاہدات کرے گی اور لین دین انجام دے گی، جن میں وہ بھی شامل ہیں جو قرارداد میں درج ہیں لیکن ان تک محدود نہیں۔ چونکہ کمپنی کے بعض یا اکثر ڈائریکٹرز کی بعض معاہدات یا لین دین میں دلچسپی سمجھی جاسکتی ہے (بشمول ان کی شیئر ہولڈنگ یا متعلقہ اداروں میں مشترکہ ڈائریکٹرشپس کی بنا پر) اور شفاف کاروباری طرزِ عمل کو فروغ دینے کے لئے، اراکین سے منظوری طلب کی جارہی ہے کہ کمپنی کو اختیار دیا جائے کہ وہ ایسے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین اور معاہدات کرسکے۔ نیز، بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مزید اختیار اور پاور دی جائے کہ وہ کمپنی کے ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی منظوری دے سکیں (قطع نظر اس بات کے کہ بورڈ کی تشکیل کیا ہے اور ڈائریکٹرز کو کس حد تک مفاد حاصل ہے)۔ ایسے تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین، جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے، جو ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کیے جائیں گے، اراکین کی جانب سے منظور شدہ تصور ہوں گے۔

ڈائریکٹرز کو ان قراردادوں میں صرف اس حد تک مفاد حاصل ہے جس حد تک ان کی متعلقہ فریقین میں شیئر ہولڈنگ اور/ یا مشترکہ ڈائریکٹرشپس ہے (جہاں قابل اطلاق ہو)۔

## دی سرل کمپنی لمیٹڈ

## پوسٹل بیلٹ پیپر

۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ء شام ۰۰:۴ بجے انڈس سویٹ، آواری ٹاورز، فاطمہ جناح روڈ، کراچی۔ ۷۵۵۳۰ میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لئے پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کیلئے۔

یو اے این نمبر +92 21 3717 0200 ویب سائٹ: www.searlecompany.com

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| موجوہ حصص کی تعداد | |
| کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کرنا ہے) | |
| اضافی معلومات اور ضمیمہ جات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کرنا ہے) | |

### خصوصی امور

### ایجنڈا آئٹم نمبر ۴

چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیت ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے مشاہرے کو منظور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قراردادوں کو عام قرارداد کے طور پر منظور کرنا:

**قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایک کُل وقتی ورکنگ ڈائریکٹر کو تقریباً ۱۰۰ ملین روپے سے زیادہ کی رقم ادا کی جائے گی جس میں ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے ان کی ملازمت کی شرائط کے مطابق الاؤنسز اور دیگر مراعات شامل ہیں اور اس کی منظوری دی گئی ہے۔ مزید برآں، چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر بورڈ کی طرف سے منظور شدہ سرکاری اور نجی مقاصد کیلئے کمپنی کے زیر انتظام ٹرانسپورٹ کے استعمال کے حقدار ہیں۔

### ایجنڈا آئٹم نمبر ۵

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۰۷ اور/ یا ۲۰۸ کے تحت (قابل اطلاق حد تک) متعلقہ پارٹیز ٹرانزیکشنز کے حوالے سے، مندرجہ ذیل قراردادوں پر، ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم غور وخوض کرنا، اگر مناسب ہو ان کی توثیق اور منظوری دینا (جیسا کہ معاملہ ہو):

**قرار پایا** کہ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران کمپنی کی طرف سے مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین، جو سیکشن ۱۳۴(۳) تحت مذکورہ مدت کیلئے کمپنی کے غیر متفقہ مالیاتی بیانات کے نوٹ ۴۵ اور مادی معلومات کی اسٹیٹمنٹ میں ظاہر کیا گیا ہے، اس کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کو ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مناسب سمجھے جانے والے اور/ یا منظور شدہ حد تک مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ وقتاً فوقتاً انتظامات کرنے یا لین دین کرنے کی اجازت دی گئی ہے، بشمول کیمیکلز سمیت سامان اور مواد کی خرید و فروخت یا خدمات حاصل کرنے یا پیش کرنے یا سبسکرپشن شیئر کرنے کیلئے، لیکن ان تک محدود نہیں۔ اراکین نے نوٹ کیا ہے کہ مذکورہ انتظامات اور لین دین میں کچھ یا زیادہ تر ڈائریکٹرز دلچسپی لے سکتے ہیں اس کے باوجود، ممبران اس کے ذریعے بورڈ آڈٹ کمیٹی اور کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو پیشگی اجازت اور منظوری دیتے ہیں، بشمول کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۰۷ اور/ یا ۲۰۸ کے تحت (قابل اطلاق حد تک) جائزہ لینے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے وقتاً فوقتاً منظور شدہ مقدار کے مطابق تمام متعلقہ فریق لین دین کو منظور کریں۔

**مزید قرار پایا** کہ ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والی مدت کیلئے متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کو اراکین کے ذریعے منظور شدہ تصور کیا جائے گا، اور بعد ازاں توثیق اور توثیق کیلئے اگلے سالانہ جنرل میٹنگ میں اراکین کے سامنے رکھا جائے گا۔

## رائے شماری کے لیے ہدایات

۱۔ براہ کرم متعلقہ باکس پر نشان لگا کر (✓) اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

۲۔ اس صورت میں، اگر دونوں خانوں کو (✓) کے بطور نشان زد کیا گیا ہے، تو آپ کے پول کو ''مسترد'' سمجھا جائے گا۔

میں/ ہم مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر اپنی/ ہماری رضامندی یا اختلاف رائے سے آگاہ کرتا ہوں/ کرتے ہیں:

| قرارداد | میں/ ہم قرارداد کی منظوری دیتا ہوں/ دیتے ہیں | میں/ ہم قرارداد سے اختلاف کرتا ہوں/ کرتے ہیں |
|---|---|---|
| **ایجنڈا آئٹم نمبر ۴ کی قرارداد** | | |
| **ایجنڈا آئٹم نمبر ۵ کی قرارداد** | | |

۱۔ پر کئے ہوئے بیلٹ پیپر چیئرمین دی سرل لمیٹڈ کے چیئرمین کو دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی، پر بھیجے جائیں یا company.secretary@searlecompany.com پر ای میل کریں۔

۲۔ پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی ایک کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) منسلک ہونی چاہیئے۔

۳۔ بیلٹ پیپر سالانہ اجلاس عام سے ایک دن پہلے ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۵ء تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات میں چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیئے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کیلئے نہیں سمجھا جائے گا۔

۴۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیئے۔

۵۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا، مسخ شدہ، یا زیادہ لکھا ہوا پول پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

۶۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن، یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں، کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشنز ۱۳۸ یا ۱۳۹ کے مطابق جیسا کہ قابل اطلاق ہے بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز شخص کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ مجاز لیٹر کی تصدیق شدہ کاپی ہونی چاہیئے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کے معاملے میں، تمام دستاویزات کو کونسل جنرل آف پاکستان جس کا دائرہ اختیار جو ممبر پر ہو اسے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے۔

۷۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.searlecompany.com پر بھی رکھا گیا ہے، ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل/ فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

____________________

**شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر/ مجاز دستخط کنندہ**

(باڈی کارپوریٹ ہونے کی صورت میں کمپنی کی مہر لگائی)

تاریخ: ____________________